تبصرے

تذکرہ مشائخ بنارس | ازجناب مولانا ابوالاثر عبدالسلام صاحب تقطیع خورد ضخامت ۱۰۴ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ایک روپیہ

پتہ:- ندوۃ المعارف بنارس گجی باغ۔

ہندوستان میں مسلمانوں کی اصل تاریخ مسلمان بادشاہوں کی تاریخ نہیں ہے بلکہ درحقیقت ان صوفیا و اولیائے کرام کی تاریخ ہے جنہوں نے اس وسیع و عریض ملک کے گوشہ گوشہ میں پھیل کر رشد وہدایت اور روحانی فیض و افادہ کی درسگاہیں قائم کیں اور جنہوں نے اس مرز بوم کے چپہ چپہ پر اپنے انفاس قدسیہ سے معرفت ربانی کی شمعیں روشن کیں مسرت کا مقام ہے کہ ایک عرصہ دراز کے جمود اور غفلت و بے حسی کے بعد مسلمانوں کو اپنی تاریخ کے اس اصل سرمایہ کی طرف توجہ ہوئی ہے اور ان نفوس قدسیہ کے حالات و سوانح پر کتابوں کی اشاعت کا ایک مبارک سلسلہ شروع ہوگیا ہے چنانچہ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ اس کتاب میں چھٹی صدی ہجری سے لے کر چودھویں صدی تک کے تقریباً نوے مشائخ بنارس کا تذکرہ ہے ان میں سے بعض مشائخ تو کافی مشہور ہیں جن کے حالات کسی قدر تفصیل سے لکھے گئے ہیں اکثر کا تذکرہ بہت مختصر ہے تاہم تاریخ کے طالب علم کے لئے افادہ سے وہ بھی خالی نہیں ممکن ہے کہ اس سلسلہ میں آئندہ مزید معلومات حاصل ہوسکیں بہرحال لائق مرتب کی یہ سعی لائق تحسین ہے اور امید ہے کہ ارباب ذوق اس کے مطالعہ سے محظوظ ہوں گے۔

تاریخ دیوبند | ازجناب سید محبوب صاحب رضوی تقطیع متوسط ضخامت ۱۸۰ صفحات،